سوال

(362)امام نصف سورہ فاتحہ پڑھ چکا...مقتدی خان سے شروع کرے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مقتدی اس وقت امام کے ساتھ شامل ہوا۔جس وقت امام نصف سورہ فاتحہ پڑھ چکا تھا۔اب بتلائیے کہ وہ مقتدی کس جگہ سے سورہ فاتحہ شروع کرے۔نیز کیا وہ مقتدی امام کی ولاالضالین ختم کرے۔تو آمین کہے گا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقتدی سورۃ فاتحہ شروع سے پڑھے۔اور امام کے ساتھ آمین کہے کیونکہ اس وقت مقتدی پر دو حدیثوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔ایک حدیث فاتحہ دوسری حدیث "اذاقال الامام ولا الضالین فقولوا امین" ''یعنی امام جب والضالین پڑھے تو تم آمین کہا کرو۔'' آمین کہہ کر پھر اپنی فاتحہ پوری کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص559

محدث فتویٰ